## آج تک مجھ پر اور میرے ساتھیوں پر کرپشن کا کوئی کیس نہیں ہے۔الطاف حسین

## الطاف حسین اوراسکے ساتھیوں کے خلاف جتنے جھوٹے مقدمات بنائیں گے اتنے ہی ہزار گنا عوام ایم کیوایم میں آئیں گے

## ایم کیوایم کو اقتدار ملا تو ہم اپنی اوراپنے خاندان والوں کی جیبیں نہیں بھریں گے بلکہ غریب و مستحق عوام کے پیٹ بھریں گے

## بدقسمتی سے یہ ہے کہ ہم جس کا ساتھ دیتے ہیں وہی ہمارے خلاف اقدامات کرنے لگتا ہے

## کراچی سمیت سندھ کے 20 شہروں میں منعقدہ کارکنوں کے اجتماعات سے بیک وقت خطاب

لندن۔۔۔22 نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ میں اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتا ہوں کہ آج تک مجھ پر اور میرے ساتھیوں پر کرپشن کا کوئی کیس نہیں ہے، ارباب اختیار الطاف حسین اوراسکے ساتھیوں کے خلاف جتنے جھوٹے مقدمات بنائیں گے اتنے ہی ہزار گنا عوام ایم کیوایم میں آئیں گے۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ کو پاکستان کا اقتدار ملا تو ہم اپنی اوراپنے خاندان والوں کی جیبیں نہیں بھریں گے بلکہ اپنی خواہشات اور امنگوں کی قربانیاں دیکر ملک بھر کے غریب و مستحق عوام کے پیٹ بھریں گے ۔انہوں نے ان خیالات کا اظہار آج عیدالاضحیٰ کے موقع پر قربانی کی کھالیں جمع کرنے کے سلسلے میں کراچی سمیت سندھ کے 20 شہروں میں منعقدہ کارکنوں کے اجتماعات سے بیک وقت خطاب کرتے ہوئے کیا۔اپنے خطاب میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ عیدالاضحیٰ سنت ابراہیمؑ ہے جو ہمیں درس دیتی ہے اللہ تعالیٰ کی رضا اورخوشنودی کیلئے اللہ کی راہ میں بڑی سے بڑی چیز کی قربانی دی جائے۔اگر ہم عیدالاضحیٰ کو محض رسم اور فیشن کے طور پر قربانی کے جانور ذبح کریں اور عیدالاضحیٰ سے کوئی سبق حاصل نہ کریں تو پھر ایسی قربانی کا کوئی فائدہ نہیں ہے۔انہوں نے کہا کہ ایک بڑے مقصد کیلئے اپنی جان ومال ،خواہشات وامنگوں اور اپنے جذبات واحساسات کو قربان کرنا ضروری ہوتا ہے لہٰذا اللہ تعالیٰ کی خوشنودی اورراہ حق کیلئے کتنی ہی بڑی قربانی کیوں نہ دینی پڑے اس سے گریز نہیں کرنا چاہئے ۔انہوں نے کہا کہ دنیاوی زندگی بڑی مختصر ہوتی ہے لیکن ہم آج کی دنیا میں اتنے مفاد پرست ہوگئے ہیں کہ ہم دوسروں کو قربانی کا درس دیتے ہیں اور خود قربانی دینے سے گریز کرتے ہیں۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ گزشتہ روز این آر او سے فائدہ حاصل کرنے والوں کی فہرست پیش کی گئی اوراس فہرست میں سب سے پہلا نام الطاف حسین کا ہے جس پر سب سے زیادہ مقدمات قائم ہیں لیکن جب میں جنوری 1992ء میں پاکستان سے لندن پہنچا تو مجھ پر ایک بھی مقدمہ نہیں تھا اور مجھ پر یہ تمام مقدمات پاکستان میں میری غیر حاضری میں بنائے گئے کہ الطاف حسین نے لندن میں بیٹھ کر لیاقت آباد، حیدرآباد اور میرپورخاص میں بسیں جلائیں اور بسوں پر پتھراؤ کیا۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم کے کسی رہنما بشمول الطاف حسین کے خلاف نیب کا مقدمہ نہیں ہے۔میں اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتا ہوں کہ آج کے دن تک مجھ پر اور میرے ساتھیوں پر کرپشن کا کوئی کیس نہیں ہے اور میں دعا گو ہوں کہ اللہ تعالیٰ مجھے اور میرے ساتھیوں کو ہر قسم کی کرپشن سے دور رکھے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ اگر اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم اور ملک بھر کے عوام کے تعاون سے متحدہ قومی موومنٹ کو پاکستان کا اقتدار ملا تو ہم اپنی اوراپنے خاندان والوں کی جیبیں نہیں بھریں گے بلکہ اپنی خواہشات اور امنگوں کی قربانیاں دیکر ملک بھر کے غریب و مستحق عوام کے پیٹ بھریں گے۔ہم اپنے محلات نہیں بنائیں گے بلکہ بے گھر لوگوں کو چھت کی سہولت فراہم کریں گے۔انہوں نے کہا کہ ارباب اختیار الطاف حسین اوراسکے ساتھیوں کے خلاف جتنے جھوٹے مقدمات بناؤ گے اتنے ہی ہزار گنا عوام ایم کیوایم میں آئیں گے۔جناب الطاف حسین نے کراچی سمیت سندھ کے 20 شہروں میں موجود کارکنوں اور عوام کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ آج عوامی عدالت لگی ہوئی ہے اور عوام کی عدالت سے بڑی کوئی عدالت نہیں ہوتی، میں آج کی عوامی عدالت میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ جو مقدمات کی فہرست خبریں اخبارات میں شائع ہوئی۔کیا یہ مقدمات سچے ہیں؟ اس پر تمام شہروں میں موجود عوام نے ایک زبان ہوکر کہا'' جھوٹے ہیں......جھوٹے ہیں'' ۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم 1987ء کے بلدیاتی انتخابات سے آج تک بلدیاتی اور عام انتخابات میں حصہ لیتی رہی ہے، اللہ کا شکر ہے کہ ہر انتخابات میں نہ صرف ایم کیوایم کا ووٹ بنک برقرار رہا بلکہ اس میں اضافہ ہی ہوتا رہا۔اب ایم کیوایم کی حق پرستانہ جدوجہد کراچی سے کشمور، کشمور سے کشمیر اور کشمیر سے گلگت بلتستان تک پہنچ گئی ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کے خلاف سب سے زیادہ پروپیگنڈہ صوبہ پنجاب میں کیا گیا تاکہ صوبہ پنجاب کے عوام کو ایم کیوایم سے بدظن کیا جاسکے۔انہوں نے کہا کہ این آر او سے فائدہ اٹھانے والوں کی کتنی ہی فہرستیں اخبارات میں شائع کرائی جائیں اور 72 کے بجائے الطاف حسین پر سات ہزار مقدمات قائم کردیئے جائیں مگر اب صوبہ پنجاب کے باشعور عوام کو ایم کیوایم اور الطاف حسین سے دور نہیں کیا جاسکتا نہ انہیں بہکایا جاسکتا ہے ۔انشاءاللہ اب صوبہ پنجاب کی ہر گلی میں حق پرستی کے نعرے گونجیں گے۔ایک ایک مظلوم پنجابی، پختون، بلوچ، سندھی، سرائیکی، کشمیری، ہزاروال، گلگتی اور بلتستانی الطاف حسین کے پاس آرہا ہے۔سب کے دل کی آواز ایم کیوایم اوران کا بھائی الطاف حسین ہے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ جو دہشت گرد اور سماج دشمن عناصر ایم کیوایم کے خلاف کام کررہے ہیں اور ایم کیوایم کے کارکنوں کو شہید کررہے ہیں ،لیاری ،رنچھوڑ لائن اور آگرہ تاج کالونی میں گزشتہ 48 گھنٹوں کے دوران ایم کیوایم کے چار کارکنوں

کوشہید کردیا گیا۔ یہ دہشت گرد عناصر بھی اللہ تعالیٰ کے عذاب سے دوچار ہوں گے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ اگر کوئی یہ سمجھتا ہے کہ سندھ میں کوئی سندھ کارڈ استعمال کرلے گا تو انہیں میں بتادینا چاہتا ہوں کہ اب صرف کراچی حیدرآباد ہی نہیں بلکہ سندھ کے تمام شہروں اور قصبوں میں بھی سندھ کے عوام ایم کیوایم کی حفاظت کریں گے خواہ اس کیلئے انہیں اپنی جان ہی کیوں نہ دینا پڑے۔ انہوں نے کہا کہ جو سندھ کو اپنی جاگیر سمجھتا ہے وہ کان کھول کر سن لے کہ سندھ اب انکی جاگیر نہیں بلکہ محروم ومتوسط طبقہ کا ہے اور ایک ایک مظلوم اپنی جان تو دے سکتا ہے لیکن ایم کیوایم سے پیچھے نہیں ہٹ سکتا۔ انہوں نے کہا کہ میں بھی سندھ کا سچا بیٹا ہوں اور سندھ کا ایک ایک ساتھی سندھ کا سچا سپاہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے پانچ سال تک این ایف سی ایوارڈ پر سندھ کے حقوق کیلئے دستخط نہیں کئے۔ اللہ کا کرم ہے کہ جو سندھ کیلئے جو ریونیو جنریشن کی بنیاد پر این ایف سی ایوارڈ مقرر کرنے کا جو مطالبہ تھا وہ منظور ہو گیا۔ انہوں نے کہا کہ الطاف حسین سندھ دھرتی کا بیٹا ہے اور وہ سندھ دھرتی کے مظلوموں کے حقوق کا سودا ہرگز نہیں کرے گا۔

جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم صرف مسلمانوں کی ہی ترجمان نہیں بلکہ تمام عقائد، مسالک اور مذاہب کے ماننے والوں کی پناہ گاہ ہے خواہ وہ عیسائی ہوں، ہندو ہوں، سکھ ہوں، خواہ احمدی ہوں۔ ایم کیوایم عید قرباں کے سبق پر عمل کرتے ہوئے ملک کی سلامتی وبقاء کیلئے بڑی سے بڑی قربانی دینے سے دریغ نہیں کرے گی۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ ہم جس کا ساتھ دیتے ہیں خلوصِ دل سے دیتے ہیں مگر بدقسمتی سے یہ ہے کہ ہم جس کا ساتھ دیتے ہیں وہی ہمارے خلاف اقدامات کرنے لگتا ہے۔ ہمارے ساتھ گلگت بلتستان میں صرف دھوکہ دھاندلی ہی نہیں ہوئی بلکہ وہاں ہمارے امیدوار کیپٹن ہادی حسین اور 30 کارکنوں کو گرفتار کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ میں ارباب اختیار کو بتادینا چاہتا ہوں کہ یہ گرفتاریاں ایم کیوایم کے بڑھتے ہوئے قافلے کو نہیں روک سکتیں۔ عید قرباں آرہی ہے اور ہم قربانی کی داستاں رقم کریں گے اور ملک کو بچائیں گے۔ انہوں نے پنجابی میں خطاب کرتے ہوتے جاگیرداروں کان کھول کر سن لو، الطاف حسین تاڈے کول آریا سی۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ ماضی میں ایم کیوایم کے بہادر کارکنان نے عیدالاضحیٰ کے موقع پر قربانی کے جانوروں کی کھالیں ہی جمع نہیں کیں بلکہ تحریکی ساتھیوں نے اپنی جانوں کے نذرانے بھی پیش کئے۔ انہوں نے حق پرستی کی جدوجہد میں جانوں کی قربانی پیش کرنے والے تمام حق پرست شہداء کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا۔

جناب الطاف حسین کا خطاب کراچی سمیت اندرون قائم ایم کیوایم کے مختلف زونوں حیدرآباد، میرپور خاص، نواب شاہ، سانگھڑ، ٹھٹھہ، بدین، گھوٹکی، ٹنڈوالہ یار، خیرپور، جیکب آباد، کشمور، نوشہرو فیروز، قمبر شہدادکوٹ، دادو، لاڑکانہ، شکارپور اور جامشورو میں بیک وقت سنا گیا۔ ان جنرل ورکرز اجلاسوں میں مجموعی طور پر لاکھوں کارکنوں اور رضاکاروں نے شرکت کی جن میں خواتین کی بھی بڑی تعداد شامل تھی۔ ان اجلاسوں میں متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینرز ڈاکٹر فاروق ستار، انیس قائم خانی، رابطہ کمیٹی کے اراکین شعیب احمد بخاری، انیس احمد خان ایڈووکیٹ، کیف الوری، شکیل عمر، ڈاکٹر صغیر، ڈاکٹر نصرت، طارق میر، سلیم تاجک، شاہد لطیف، وسیم آفتاب، کنور خالد یونس، سینیٹرز، وزراء، اراکان قومی وصوبائی اسمبلی، ٹاؤن ناظمین اور یوسی ناظمین بھی موجود تھے۔

## الطاف حسین شیخ لیاقت حسین اور شہید کارکنوں کیلئے دعائے مغفرت

کراچی (اسٹاف رپورٹر)

جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف نے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے سربراہ مرحوم شیخ لیاقت حسین اور گزشتہ روز شہید کئے جانے والے ایم کیوایم کے کارکنوں اور ایک ہمدرد شاہنواز قریشی، خلیل، نوید بلوچ اور محمد فیضان سمیت دیگر شہداء کو بھی خصوصی طور پر یاد کیا اور انہیں خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے ان کیلئے دعائے مغفرت بھی کی۔

## عوامی عدالت نے الطاف حسین اور کارکنوں پر عائد مقدمات کو بے بنیاد اور جھوٹا قرار دیکر مسترد کردیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ کے تحت اتوار کے روز کراچی سمیت اندرون سندھ 20 شہروں میں بیک وقت ہونے والے جنرل ورکرز اجلاس کے لاکھوں شرکاء نے قائد جناب الطاف حسین اور دیگر رہنماؤں وکارکنوں پر عائد مقدمات بے بنیاد، بلاجواز اور جھوٹے قرار دیا ہے۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ایک موقع پر جناب الطاف حسین نے کہا کہ یہ جنرل ورکرز اجلاس دراصل آج عوامی عدالت ہے میں اس عوامی عدالت سے معلوم کرنا چاہتا ہوں کہ کیا میرے اور دیگر ساتھیوں پر عائد مقدمات درست ہیں تو سب نے یک آواز میں کہا کہ نہیں نہیں یہ مقدمات جھوٹے اور بے بنیاد ہیں۔

## میں اور ایم کیوایم کا ایک ایک کارکن مسلح افواج اور قانون نافذ کرنے والے دیگر اداروں کے شہید افسران وجوانوں کو خراج عقیدت پیش کرتا ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے وزیرستان اور دیگر علاقوں میں دہشت گردی کے خلاف مصروف عمل اور اس راہ میں شہید ہونے والے پاک فوج کے افسران وجوانوں کو زبردست خراج عقیدت اور سلام پیش کیا ہے۔اتوار کے روز جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ میں اور ایم کیوایم کا ایک ایک کارکن مسلح افواج اور قانون نافذ کرنے والے دیگر اداروں کے شہید افسران وجوانوں کو خراج عقیدت پیش کرتا ہے اور انہیں سیلوٹ کرتا ہے۔

## الطاف حسین رمترنم انداز گفتگو

کراچی (اسٹاف رپورٹر)

ایم کیوایم کے جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب کے موقع پر ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کا موڈ انتہائی خوشگوار تھا اور انہوں نے اپنی اس خوش مزاجی کا اظہار اپنے خطاب کے دوران مختلف مواقعوں پر کیا۔ایک موقع پر ان کا لب ولہجہ خوشگوار ہونے کے ساتھ ساتھ مترنم بھی ہوگیا۔انہوں نے اندازِ ترنم میں کہا کہ ''ہر مظلوم کی آواز الطاف الطاف'' ''سب کے دل کی آواز ہے الطاف الطاف''۔انہوں نے ایک مرحلہ پر پنجاب کے حوالے سے پنجابی زبان میں بھی اظہار خیال کیا۔

## عوام قربانی کی کھالیں خدمت خلق فاؤنڈیشن کو ہی دیں،الطاف حسین کی ملک بھر کے عوام سے اپیل

کراچی (اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ملک بھر کے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ قربانی کی کھالیں ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کو دیں۔اتوار کو ایم کیوایم کے جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ خدمت خلق فاؤنڈیشن کی خدمات سب کے سامنے ہیں اور اب فاؤنڈیشن اپنی خدمات کا دائرہ ملک بھر میں وسیع کررہا ہے لہٰذا عوام قربانی کی کھالیں خدمت خلق فاؤنڈیشن کو ہی دیں۔

## الطاف حسین رعاقل بریلوی مرحوم ردعائے مغفرت

کراچی (اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے اتوار کو جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے حق پرست شاعر،ادیب اور دانشور عاقل بریلوی مرحوم کا خصوصی ذکر کیا اور ان کی اردو ادب میں خدمات اور ان کی حق پرستانہ جدوجہد کو زبردست خراج تحسین پیش کیا اور ان کیلئے دعائے مغفرت کی۔

## خدمت خلق فاؤنڈیشن رجنرل ورکرز اجلاس رمقررین خطاب

کراچی (اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر،خدمت خلق فاؤنڈیشن کے ٹرسٹی اور وفاقی وزیر برائے سمندر پار پاکستانیز ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ آئندہ سال تک ہم متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کو ایک قومی فلاحی ادارہ بنانے میں کامیاب ہوجائیں گے جو آزاد کشمیر سمیت ملک بھر کے عوام کی زیادہ بہتر انداز میں اور براہِ راست ملک کے عام آدمی کی خدمت کرسکے گا۔انہوں نے کہا کہ ہم ہر ناممکن کو بھی ممکن بنا سکتے ہیں بشرطیکہ ہم اپنی صفوں میں اتحاد اور نظم کو مظاہرہ کریں جس کی تعلیم وتربیت خود قائد تحریک الطاف حسین نے ہمیں دی ہے۔یہ بات انہوں نے اتوار کے روز کراچی میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر میں منعقدہ تحریکی ساتھیوں اور رضا کاروں کے جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی اس موقع پر ارکان رابطہ کمیٹی انیس احمد خان ایڈووکیٹ،طارق میر،وسیم آفتاب نے بھی خطاب کیا۔ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ ایم کیوایم نے صرف 15 دن کام کرکے گلگت بلتستان میں اپنی کامیابی کے جھنڈے گاڑے دیئے،وہاں الطاف حسین کے نظریہ کی ضرورت تھی جس نے اس بات کو طے کردیا کہ ایم

کیوایم اب صرف سندھ کے شہری علاقوں کی جماعت نہیں ہے اور یہ ایسی جماعت ہے جس کی تکیے میں کشمیر کی قانون ساز اسمبلی میں سیٹیں نہیں ملی ہیں، الطاف حسین نے تو پہلے ہی کہہ دیا ہے کہ ملک میں خاموش انقلاب آرہا ہے اب اسے تسلیم کیا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ گلگت بلتستان میں ایم کیوایم نے ایک سیٹ پر شاندار کامیابی حاصل کی اور دیگر حلقوں میں یہ دوسرے اور تیسرے نمبر پر آئی ہے۔ گلگت بلتستان کے بعد پنجاب، سرحد اور بلوچستان میں مخالفین کی ڈی کے پاس سے گول کرنا ہمارے لئے اب مشکل نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ گلگت بلتستان میں ایم کیوایم دوسری بڑی سیاسی جماعت کے طور پر ابھر کے سامنے آئی ہے، ہم ناممکن کو ممکن بنا سکتے ہیں بشرطیکہ ہم اپنی صفوں میں اتحاد برقرار رکھیں اور نظم کا مظاہرہ کریں جس کی تعلیم جناب الطاف حسین نے ہمیں دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کے کے ایف ایم کیوایم کا لازمی جز ہے، ایم کیوایم اب پورے پاکستان میں اپنے نظریئے کو قائم کررہی ہے اور نہ صرف پاکستان کو قائداعظم کے نظریات کے عین مطابق ایک فلاحی مملکت بنانے کیلئے کوشاں ہے۔ الطاف حسین بانیان پاکستان کے خوابوں کی تعبیر ہے۔ انہوں نے ملک بھر کے عوام سے اپیل کی ہے کہ پاکستان کی تعمیر نو اور غریبوں اور متوسط طبقے کے پاکستان کیلئے ایم کیوایم کی پذیرائی کریں، اگر ملک میں کسی اتحاد کی بات ہورہی ہے تو آج ملک بھر کے غریبوں کے اتحاد کی بات ہورہی ہے۔ اب فیصلہ کن مرحلہ آ گیا ہے، ہمیں مصلحتوں کو ختم کرنا ہوگا اور خود کو متحد اور منظم کرنا ہوگا۔ آج تبدیلی کا علم قائد تحریک الطاف حسین کے ہاتھ میں ہے۔ انہوں نے کہا کہ آئندہ سال تک ہم خدمت خلق فاؤنڈیشن کو ایک قومی فلاحی ادارہ بنانے میں کامیاب ہوجائیں گے۔ رابطہ کمیٹی کے رکن انیس احمد خان ایڈووکیٹ نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین لاکھوں میل دور رہ بھی ساتھیوں کے دل میں رہتے ہیں اور یہی محبت ہے کہ قائد تحریک الطاف حسین کے نزدیک انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن اور پاکستان میں کام کرنے والے ساتھیوں کیلئے جذبات اور احساسات ایک ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہماری وفاداریاں قائد تحریک الطاف حسین کے ساتھ ہی ہیں۔ رابطہ کمیٹی کے رکن ونگراں خدمت خلق فاؤنڈیشن طارق میر نے کہا کہ کسی بھی جسم میں ریڑھ کی ہڈی سب سے اہم ہوتی ہے جو پورے جسم کو سہارا دیتی ہے، یہی وجہ ہے کہ الطاف حسین کے نزدیک کارکنان تحریک کی ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں اور ایم کیوایم کی ریڑھ کی ہڈی جتنی مضبوط ہے وہ نظر آرہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کے کارکنوں کی محنت اور تعاون کی وجہ سے کے کے ایف ایک مضبوط ادارہ بن گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین کے دل میں کارکنان کیلئے جو پیار ہے وہ پیار میں قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے آپ کو دیتا ہوں۔ رابطہ کمیٹی کے رکن وسیم آفتاب نے کہا کہ ایم کیوایم اس ملک میں تبدیلی اور اس جدوجہد کا نام ہے جو نظام کو تبدیل کرنے کیلئے کررہی ہے، ایم کیوایم ان لوگوں کا نام ہے جو تاریخ کو اپنے لہو سے لکھ رہے ہیں یہ امید کی کرن ہے۔ ایم کیوایم اس شخص کا نام ہے جو الطاف حسین ہے، ہمیں فخر ہے کہ ہم اس حسین کے ماننے والے ہیں جس نے خوف کے ہر عالم میں ظالموں جابروں کی آنکھیں میں آنکھیں ڈال کر بات کی ہے، ایم کیوایم کے قافلے کا ہر سپاہی حرؑ کی طرح ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم اس تحریک کے علمبردار ہیں جس نے ملک پر قابض جابر قوتوں کو نہ صرف چیلنج کیا ہے بلکہ ملک کے جغرافیہ کو نئی تاریخ دی ہے، ہم سازشی عناصر کو متنبہ کرتے ہیں کہ ایم کیوایم تبدیلی اور قدرت کے فیصلوں کا نام ہے اور تبدیلی کا عمل شروع ہوچکا ہے اب آنے والا وقت صرف اور صرف الطاف حسین اور ملک کے 98 فیصد عوام کا ہے، الطاف حسین اس ملک کے 98 فیصد غریب عوام کیلئے امید کی کرن ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مشرق سے نکلنے والا سورج مغرب سے تو نکل سکتا ہے لیکن الطاف حسین کے عزم اور ارادوں میں کوئی تبدیلی نہیں آسکتی۔ انہوں نے کہا کہ الطاف حسین عوام کے دلوں پر حکمرانی کرتے ہیں عمارتوں پر نہیں اور یہاں ہر انقلاب الطاف حسین سے عبارت ہے، ہم کسی ظالم کے ظلم سے ڈرنے والے نہیں ہیں۔

## پنجاب کے شہر دیپالپور میں گیارہ سالہ معصوم بچی کے ساتھ زیادتی اور قتل کے سفاکانہ واقعہ پر الطاف حسین کا اظہار مذمت

## درندہ صفت قاتل کو گرفتار کیا جائے چاہے وہ کتنا ہی بااثر کیوں نہ ہو۔ الطاف حسین

لندن۔۔۔22 نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پنجاب کے شہر دیپالپور میں گیارہ سالہ معصوم بچی کے ساتھ زیادتی اور قتل کے سفاکانہ واقعہ کی شدید مذمت کی ہے۔ اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ یہ واقعہ کھلی درندگی اور سفاکیت کا مظاہرہ ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ جناب الطاف حسین نے حکومت پنجاب سے مطالبہ کیا کہ درندہ صفت قاتل کو گرفتار کیا جائے چاہے وہ کتنا ہی بااثر کیوں نہ ہو۔ جناب الطاف حسین نے معصوم بچی کے والدین، دیگر لواحقین اور برادری کے تمام افراد سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ معصوم بچی کو جنت الفردوس میں جگہ دے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔

## اتحاد بین المسلمین کو کسی صورت ختم نہیں ہونے دیا جائے گا، سازشی عناصر کی فرقہ وارانہ فسادات کی سازش کو ایک مرتبہ پھر بھر پور اتحاد کا مظاہرہ کر کے ناکام بنایا جائے گا، علمائے کرام

## ایسا محسوس ہوتا ہے کہ محرم الحرام سے پہلے فرقہ وارانہ فسادات کیلئے فضاء قائم کی جارہی ہے، مذہبی رہنماؤں کے قتل کی وارداتوں پر اظہار تشویش

## عوام فرقہ وارانہ فسادات کی سازش کو ناکام بنادیں، نائن زیرو پر منعقدہ مختلف علمائے کرام کا اجلاس

کراچی۔۔۔22، نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر گزشتہ روز ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو سے متصل خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں مختلف علمائے کرام کا اجلاس منعقد ہوا جس میں علمائے کرام نے اپنے اس عزم کا اظہار کیا ہے کہ جناب الطاف حسین کی جانب سے قائم کردہ اتحاد بین المسلمین کو کسی صورت ختم نہیں کیا جاسکے گا اور سازشی عناصر کی فرقہ وارانہ فسادات کی سازش کو ایک مرتبہ پھر بھر پور اتحاد کا مظاہرہ کر کے ناکام بنایا جائے گا۔ اجلاس میں معروف علمائے کرام مولانا تنویر الحق تھانوی، مولانا انتظار الحق تھانوی، مولانا مفتی تجمل حسین، مولانا مرزا یوسف حسین، مولانا حسن شگری، مولانا زاہد اشرفی، مولانا مصطفیٰ رحمانی، مولانا اکبر ناصری، شیخ سجاد کربلائی، مولانا آغا نادر علی، مولانا کوثر علی اشرفی، مولانا شاداب، مولانا فہیم قادری، مولانا سعید قمر قاسمی، علامہ علی قرار نقوی، مولانا علی عمران، پیر خرم علی شاہ، خواجہ محمد اشرف، سجادنشین اوج شریف مخدوم نفیس الحسن بخاری اور، مخدوم سید حماد رضا بخاری نے شرکت کی۔ اس موقع پر ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان شعیب بخاری، وسیم آفتاب، انچارج متحدہ علماء کمیٹی جاوید احمد اور علماء کمیٹی کے اراکین بھی موجود تھے۔ اجلاس کے شرکاء نے شہر میں گزشتہ روز مختلف مسلک کے رہنماؤں کے بہیمانہ قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی اور ان واقعات کو شہر میں فرقہ وارانہ فسادات کی سازش قرار دیتے ہوئے ان کی مغفرت کیلئے دعا کی گئی۔ اجلاس میں مختلف مکاتب فکر کے علمائے کرام نے کہا کہ ایسا محسوس ہوتا ہے کہ محرم الحرام سے پہلے فرقہ وارانہ فسادات کیلئے ایک فضاء قائم کی جارہی ہے تاکہ شہر اور صوبہ کا امن غارت کر کے ملک کو عدم استحکام سے دوچار کیا جاسکے۔ علمائے کرام نے تمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے عوام سے اپیل کی کہ وہ اپنے درمیان فرقہ وارانہ ہم آہنگی برقرار رکھیں اور سازشی عناصر کی سازشوں کو ناکام بنانے کیلئے کسی بھی اشتعال انگیز واقع پر صبر کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑیں اور اپنے اردگرد مشکوک عناصر پر کڑی نظر رکھیں۔

## شاہنواز قریشی شہید اور خلیل شہید کے قاتلوں کو فی الفور گرفتار کر کے عبرتناک سزادی جائے، ارکان قومی اسمبلی

## قتل و غارتگری کے اوچھے ہتھکنڈوں سے ایم کیو ایم کے کارکنان کے عزم و حوصلے کو ختم کرنا تو کجا کم بھی نہیں کیا جاسکا ہے

## ملک کے نازک حالات میں کارکنان کے بہیمانہ قتل کی وارداتیں امن پسند حلقوں کیلئے باعث تشویش ہیں

کراچی۔۔۔22، نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے ایم کیو ایم رنچھوڑ لائن سیکٹر یونٹ یوسی B-3 کے کارکن شاہنواز قریشی اور ایم کیو ایم لیاری سیکٹر یونٹ 19 کے کارکن خلیل کے بہیمانہ قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور مطالبہ کیا کہ ایم کیو ایم کے کارکنان کے دوہرے قتل کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور قتل و غارتگری میں ملوث دہشت گردوں کو گرفتار کر کے قرار واقعی سزادی جائے۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ ملک کے نازک ترین حالات میں بعض سازشی عناصر کی جانب سے ایم کیو ایم کے کارکنان کو فائرنگ کا نشانہ بنا کر بیدردی سے شہید کرنے کی وارداتیں ملک بھر کے امن پسند حلقوں کیلئے باعث تشویش ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم واحد انقلابی جماعت ہے جس کے کارکنان حق پرستی کی جدوجہد میں اپنی قیمتی جانوں کی لازوال قربانیاں دیتے چلے آئے ہیں اور ان کے عزم و حوصلے کو ختم کرنا تو کجا کم بھی نہیں کیا جاسکا۔ انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے حق پرستی کے جس مشن، مقصد اور نظریئے کی آبیاری کی ہے اسے قتل و غارتگری کے اوچھے ہتھکنڈے استعمال کر کے ہرگز نہیں روکا جاسکتا۔ انہوں نے شاہنواز قریشی شہید اور خلیل شہید کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی، وزیر داخلہ رحمٰن ملک، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیر اعلیٰ سندھ قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ شاہنواز قریشی شہید اور خلیل شہید کے بہیمانہ قتل میں ملوث دہشت گردوں کو فی الفور گرفتار کیا جائے اور انہیں عبرتناک سزادی جائے۔

## مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے شہید ہونے والے ایم کیوایم کے کارکنان شاہنواز قریشی شہید اور خلیل شہید کوسپرد خاک کردیا گیا
## تدفین میں رابطہ کمیٹی، حق پرست ارکان اسمبلی، ٹاؤن ناظمین اور کارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی

کراچی۔۔۔22،نومبر 2009ء

گزشتہ شب مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے شہید ہونے والے ایم کیوایم رنچھوڑ لائن سیکٹر یونٹ یوسی B-3 کے کارکن شاہنواز قریشی اور ایم کیوایم لیاری سیکٹر یونٹ 19 کے کارکن خلیل کوسینکڑوں سوگواران کی موجودگی میں نیوکراچی 6 نمبر کے قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔شاہنواز قریشی شہید کی نماز جنازہ نیومیمن مسجد بولٹن مارکیٹ جبکہ خلیل شہید کی نماز جنازہ محمدی گراؤنڈ عثمان آباد میں ادا کی گئی۔شہداء کے جنازے جب ان کی رہائشگاہوں سے اٹھائے گئے تو کہرام مچ گیا اس موقع پر رقت آمیز مناظر دیکھنے میں آئے، ماحول سوگوار تھا اور ہر آنکھ اشکبار تھی۔شہداء کی تدفین میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن کیف الوریٰ، حق پرست رکن قومی اسمبلی شیخ صلاح الدین، حق پرست ارکان سندھ اسمبلی طاہر قریشی، عادل خان، نیوکراچی ٹاؤن کے حق پرست ٹاؤن ناظم اختر حسین، صدر ٹاؤن کے حق پرست ٹاؤن ناظم محمد دلاور، ایم کیوایم سرجانی ٹاؤن، نارتھ کراچی اور لیاری سیکٹرز کمیٹی کے ارکان، یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان اور ہمدردوں نے بہت بڑی تعداد میں شرکت کی۔

## سابق وزیراعظم غلام مصطفیٰ جتوئی کی نماز جنازہ میں ایم کیوایم کی شرکت

لندن۔۔۔22،نومبر 2009ء

پاکستان کے سابق نگراں وزیراعظم اور نیشنل پیپلز پارٹی کے سربراہ غلام مصطفیٰ جتوئی مرحوم کی نماز جنازہ اتوار کے روز لندن کی ریجنٹ پارک مسجد میں ادا کی گئی، نماز جنازہ میں مختلف سیاسی وسماجی شخصیات اور مرحوم کے عزیز واقارب کے علاوہ متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن سلیم شہزاد، ایم کیوایم برطانیہ کے ذمہ داران وکارکنان نے شرکت کی اور مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی۔

## ایم کیوایم بلوچستان آرگنائزنگ کمیٹی کے رکن انور خان ترین کی دادی کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔22،نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم بلوچستان آرگنائزنگ کمیٹی کے رکن انور خان ترین کی دادی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے(آمین)

## حق پرست شاعر اور دانشور محمد عظیم عاقل بریلوی شہدائے حق پرست قبرستان یٰسین آباد میں سپرد خاک، سوئم پیر کو ہوگا
## نماز جنازہ اور تدفین میں شعراء، دانشور، مصنفین دیگر ادبی شخصیات کے علاوہ رابطہ کمیٹی، حق پرست وزراء، ارکان اسمبلی کی شرکت

کراچی۔۔۔22،نومبر 2009ء

حق پرست شاعر اور دانشور محمد عظیم عاقل بریلوی شہدائے حق پرست قبرستان یٰسین آباد میں آہوں اور سسکیوں کے درمیان سپرد خاک کردیا گیا اور مرحوم کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا۔مرحوم کی نماز جنازہ غوث الاعظم مسجد سیکٹر 3 میں ادا کی گئی۔نماز جنازہ اور تدفین میں ایم کیوایم کی ربطہ کمیٹی کے ارکان ڈاکٹر صغیر احمد، شاکر علی، حق پرست صوبائی وزیر رؤف صدیقی، حق پرست صوبائی مشیر خواجہ اظہار الحسن، حق پرست رکن قومی اسمبلی عبدالوسیم، حق پرست رکن سندھ اسمبلی معین خان، ٹاؤن ناظمین اختر حسین، ممتاز حمید کے علاوہ شعراء، پروفیسر، دانشور، مصنفین اور دیگر ادبی وسماجی شخصیات سمیت ایم کیوایم نارتھ کراچی سیکٹر کمیٹی کے ارکان، یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان، یوسی ناظمین اور ہمدردوں نے شرکت کی۔دریں اثناء محمد عظیم عاقل بریلوی مرحوم کا سوئم 23 نومبر پیر کو بعد نماز ظہر غوث الاعظم مسجد سیکٹر 3 نارتھ کراچی میں ہوگا جس میں مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآنی وفاتحہ خوانی کی جائے گی۔

☆☆☆☆☆